اللہ اکبر

نشتر

جسکو

ایک نہایت سچے فارسی زبان کے قصے [illegible] فصیح اردو مین

جناب

منشی محمد سجاد حسین مرحوم کسمنڈوی متخلص بہ انجم ملازم

سرکار آصفیہ حضور نظام [illegible] نے ترجمہ کیا

حسب فرمایش

محمد شفاعت علی منیجر مسلم بک ایجنسی امین آباد لکھنؤ

باراول

[illegible] آباد لکھنؤ [illegible] ہوا

چیدہ لٹریچر

			قیمت
(۱)	شراب لکھنؤ	(تاریخ)	ہمر
(۲)	مرقع اودھ	″	۸/
(۳)	تاریخ تمدن	″	۴عہ
(۴)	فلسفہ کی تعلیم	″	۱/
(۵)	خورشید بدر (نظم)	″	۱/
(۶)	مرقع لیلیٰ مجنون	(ڈراما)	۴/
(۷)	فسم و زہرہ	″	۱۴
(۸)	اسرار رنگون	(ناول)	۱۲/
(۹)	نشتر	″	۱۲
(۱۰)	خون عاشق	″	۳
(۱۱)	کرشمہ رقابت	″	۳/
(۱۲)	ناوک حسرت	″	۳/
(۱۳)	کشتۂ جفا	″	۳/
(۱۴)	نیرنگ وفا	″	۳/
(۱۵)	بدرالنساء	″	۳/
(۱۶)	ملکہ وفقیرہ	(قصہ)	۴/
(۱۷)	بہشتی زیور گیارہ حصہ فی حصہ	(مسئلے)	۳/

المشتہر شفاعت علی علوی منیجر مسلم بک ایجنسی امین آباد لکھنؤ

مصیبات آل محمد [illegible]	رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ... [illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
شاہانِ اکبر [illegible]	[illegible] شاہی ... شاہی ... امرائے دربار کے چٹکلے ایشیائی معاشرت ... [illegible] ... (...)	[illegible]
مرقع اودھ	[illegible] اصول ... [illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible] ... محاورہ ... میں کیا ...	[illegible]
مرقع لیلیٰ مجنوں	[illegible]	[illegible]
قاسم و زہرا	[illegible]	[illegible]
اسرار لندن	... کی معاشرت و اخلاق ... [illegible] ... نام تبدیل کر دیے گئے ہیں	[illegible]
ملکہ ...	... متعلق ... [illegible]	[illegible]
بہشتی زیور	مستورات کے لیے آج تک ایسی بہتر کتاب تالیف نہیں ہوئی مصنفہ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی	[illegible]

المشتہر محمد شفیع ... [illegible] ... مینیجر ... [illegible] ... آباد

بحوالہ دقوۃ

التماس مترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ونصلی علی رسولہ الکریم

آمادہ گشتہ ام بگر امشب نظارہ را
پیوند میکنم جگر پارہ پارہ را

تو ہم بھی لہو لگا کے شہیدون مین مل جاتے ہین جس رنگ پر آج زمانہ مٹا ہوا ہے جس دُھن مین ہر ایک شخص جو کچھ بھی لکھا پڑھا ہو۔ مست نظر آوے گا جس سودے کو آج بازار مین بہت ارزان لے سکتے ہین۔ جس تماشے مین گو کچھ بھی لطف نہ آیا ہو مگر تعریفین مفت موجود ہین آج اسی گروہ مین ہم اپنا نام بھی لکھوا کے دیتے ہین۔

در مخزن جگر گہر چند جمع بود　　　والا گشت دیدہ بدامان فروختم

یعنی ایک فارسی قصے کا ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے۔ اس کتاب کے تفصیلی حالات کے واسطے ایک مستقل دیباچہ درکار تھا۔ مگر نہ مین بالفعل لکھ سکتا ہون اور نہ امید کہ اسکے ملاحظے کی تکلیف گوارا کیجیے گا۔

در عشق گفتگو بخموشی حوالہ ایست　　　اہل نظر نگہ ز تغافل گرفتہ اند

مختصر یہ ہے کہ اصل کتاب سید علی سلوی فارسی ہندی آمیز زبان مین قلمی میرے پاس موجود ہے۔ سال تصنیف ۱۲۰۵ھ اور تاریخ کتابت ۱۲۴۲ ہجری ہے۔ جس مین مصنف نے اپنے عشق و محبت کا واقعہ نہایت سادہ الفاظ و عبارت مین

لکھا ہے تکلف اور تصنع نام کو بہت ہی کم اور سچا قصہ ہے۔ اس لیے دیکھنے والے دل کی کیفیت کا کچھ تماشا دیکھ سکتے ہیں۔

[illegible] انداز [illegible] عشق [illegible] [illegible] بات [illegible]

مصنف کے مذاق اور لیاقت [illegible] کے متعلق [illegible] طبیعت [illegible] ہو یہ بار گران

ناظرین کے ذوق سلیم اور انصاف پر چھوڑا جاتا ہے [illegible] کے جگر

سوز اثر پر اپنی بہت سی [illegible] کو قربان کر دیا ہے اور [illegible]

بچا ہی رہا ہوں۔

[illegible] آید [illegible] جنون محرا [illegible] محمل [illegible] اند

بہت اکثر دوستوں نے اس کتاب کے ترجمہ پر بار بار زور دیا۔ مگر مجھے اپنی لیاقت

و استعداد کا اندازہ خوب [illegible] تھا اور اپنی چادر سے پاؤں پھیلانے

کا خمیازہ سہہ چکا تھا۔ کبھی [illegible] اور اسی مشکل [illegible]

کی جرأت نہ ہوئی۔

خوارم نہ آنچنان کہ دگر [illegible] وصال — باور کنم اگر چہ ہم از آسمان رسد

[illegible] کمال اور نازک خیال اہل فن کی نظر [illegible]

قلم [illegible] تھا اور نکتہ چین [illegible] ہیں [illegible] کے

[illegible] ایک مشغلہ انکے لیے مہیا کر دوں۔

عمر بیست کہ آوازہ منصور کہن شد — من از سر نو جلوہ دہم دار و رسن را

زیادہ مجبوری یہ آپڑی کہ میرے عزیز دوست منشی محمد نور الحسن صاحب کا کوروی نے

اصرار کو ضد کی حد تک پہنچا دیا کہ اسکا ترجمہ کرنا چاہیئے ناچار میں نے بحکم آزردن

دل دوستان جہل است و کفارہ یمین سہل۔ اس جرم کو اپنے سر لیا اور جادوئی کمال

سحر بیان شاعران وقت کا منہ چڑھانے کو آمادہ ہو گیا۔

برداشتی نقاب زدیدن بر آمدم — در گفتن آمدی ز شنیدن بر آمدم

افسوس ہے تو یہ کہ جو کام اسوقت میں کرنے پر مستعد ہوا کاش اسی کو کچھ برسوں قبل لیکر بیٹھتا

جب دل و دماغ کسی قدر ٹھکانے تھے اور بعض سامان طبیعت کے ابھرنے کے زیادہ مہیا تھے

دیر آمدی اے [illegible] سرمست — زودت ندہیم دامن از دست

توقع ہے کہ ناظرین [illegible] کی قدردانی [illegible] جس کی [illegible] ہے [illegible]
[illegible] صاف دلی ہو جس سے مجھے [illegible] ہوگا کہ [illegible]
[illegible] سے آگے [illegible] ہوئی ہستی کو کسی کا دامن [illegible]
کرنے لگا یعنی میرا عیب [illegible] کو شمار کرنے بیٹھے گا اور کسی کو [illegible] ہو کے
ہوئے [illegible] پر آمادہ ہو جاوے ؏

کس عنان گیر نشد در دمن از ہیبت حرم — تا در بتکدہ در سایۂ ایمان نیستم

ان طبیعت کا لگاؤ اور [illegible] میں سوز و گداز کسی کا خاص حصہ نہیں ہے اس لیے مجھے
اسکا رنج نہیں کہ اچھی [illegible] مذاق سے میرا دل [illegible] ہو جاتا ہے
اسی وجہ سے [illegible] ذوق کے اقتضا سے [illegible] یہ مشکل کام اپنے ذمہ لیا ہے
[illegible] نگاری اور ناول نویسی کی [illegible] ترقی انشا پرداز [illegible] کی عالی
دماغی اور روشن خیالی [illegible] مجھ [illegible] جا [illegible] اور [illegible] بھی
ٹھوکر پر ٹھوکر کھائے نہیں ہو سکتا نتیجہ [illegible] اگر [illegible] کمال [illegible] ہے
تو میرے [illegible] کمالی بھی [illegible] گیا ہے ؏

[illegible] — در عرصۂ حیات برافتادہ ایم

[illegible] کتاب [illegible] سے
تو میری [illegible] اور [illegible] رنگ آمیزی [illegible] پہنچ گئی ہے ؏

ناز [illegible] افسردہ خاطران — سرسبزی بہار چمن [illegible]

[illegible] ناظرین خاکسار کی [illegible] فرما کے [illegible] کھائیں گے
اور [illegible] ہے ؏

[illegible]

گستاخی [illegible]

خاکسار محمد سجاد حسین کسمنڈوی

ملازم سرکار نظام مقام گلبرگہ شریف

پنجم رمضان المبارک ۱۳۱۱ ہجری مطابق [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و نعت چند سطریں [illegible] تعلق [illegible] سرگذشت [illegible] کی [illegible]
[illegible] ایک [illegible] یادگار [illegible]
[illegible] ہے [illegible]
[illegible] الحتاج
الی اللہ سید محمد حسین شاہ عفی اللہ عنہ [illegible] کی دعا [illegible] اور [illegible]
اور خدا [illegible]

ہر کہ خواند [illegible] دارم [illegible] گنہگارم

[illegible] حالات

[illegible] شاہ لقب [illegible] حضرت [illegible]
[illegible] والد حضرت
[illegible]
[illegible]
والد بزرگوار [illegible]
[illegible]
[illegible] صاحب قران امیر تیمور [illegible]
[illegible] تفصیل درج ہوا [illegible]
[illegible]
[illegible] امیر [illegible] صاحب
قران [illegible] کے پاس [illegible] وطن تشریف لے گئے [illegible] حاجزادے

سید امیر شاہ نے اپنی جوانی میں [illegible] صاحب قرآن قدس سرہ شریف [illegible] حدود [illegible] سے [illegible]
بدخشان میں اقامت اختیار کی اور حسب رواج خاندان ارشاد و ہدایت خلق میں
مصروف رہے۔ [illegible] نوبت سجادگی حضرت حاجی الحرمین سید میرک شاہ رحمۃ اللہ علیہ
جد بزرگوار کاتب الحروف کو پہنچی اور بموجب بشارت ارواح طیبہ حضرت بزرگان
معہ چند تبرکات شریفہ عازم ہندوستان ہوئے [illegible] وارثان کے
ساتھ داخل کابل ہوئے صوبہ [illegible] کی استدعا سے چندے اقامت کر کے بقصد
شاہجہان آباد وارد لاہور [illegible]
ایک شخص مسمی سید گل شاہ نے [illegible] بادشاہ ہندوستان کے پاس روانہ کیا کہ
سادات بارہ [illegible] سید موصوف کی معاودت بادشاہ کا بعد
پلٹنے [illegible] خواص خاص کیا تھا جناب حاجی صاحب
کی خدمت میں بھیجی [illegible] قبول کر کے شاہجہان آباد
نہ جانا ایک قصہ طویل ہے [illegible] حاجی صاحب موصوف نے بموجب بشارت روح
بزرگان [illegible] قصبہ بندگی متعلقہ چکلہ [illegible]
سے [illegible] شاہجہان آباد [illegible]
[illegible] بسر فرمائی [illegible] باطنی سے سرفراز
کیا حاجی صاحب [illegible]
سید عرب شاہ والد مصنف سید محمد [illegible] شاہی
اختیار کرے اور نفع کثیر خلق اللہ کو پہنچایا بالجملہ بعد انتقال حاجی صاحب اور دست برد
نادر شاہ اصفہانی و احمد شاہ درانی اور تغیر سلطنت گورگانی کے نواب نجیب الدولہ [illegible] صاحب
کو اپنے ہمراہ شاہجہان آباد میں لایا اور عموی موصوف نے بعد چندے نجیب آباد اور [illegible]
[illegible] میں اقامت اختیار کی اور وہین انتقال فرمایا میرے والد ماجد سکھون کی
[illegible] سے تنگ ہو کر [illegible] میں تشریف لائے اور وہین شادی بھی کی چنانچہ
[illegible] ولادت ہوئی اور دو چھوٹے بھائی بھی اسی شہر مین پیدا ہوئے
[illegible] جناب والد [illegible] انتقال فرمایا [illegible] چھوٹے بھائی

[illegible] مصنف [illegible] مترجم

یعنی سید حسین شاہ و سید قاسم شاہ رحمہما اللہ تعالیٰ جو میرے نانا صاحب قبلہ کے [illegible]
[illegible] شہر [illegible] اگرچہ [illegible] کی تعریف شفقت کا نتیجہ [illegible] ہے

مصنف کا آبائی سلسلہ اور نظامت کا قصہ

میرے نانا صاحب قبلہ حکیم میر محمد [illegible] حضرت [illegible] سید عطاء [illegible] پیدا ہوئے تھے اور علم و فضل [illegible] حکمت [illegible] اس وقت [illegible] آپ کے والد [illegible] بادشاہ کے وقت میں [illegible] شاہجہان آباد [illegible] بادشاہی [illegible] شادی [illegible] کی ۱۲۸۰ھ [illegible] شادی ہوئی [illegible] موعود [illegible] احمد خان [illegible] با تمیز تھے اور شہر [illegible] گردش بعد خرابی و تباہی حکومت ہند [illegible] نانا صاحب [illegible] منگ صاحب [illegible] کرتے تھے اور یہ بزرگ صاحب [illegible] منگ صاحب جب کلکتہ سے دوبارہ کانپور میں آئے اور کرنیل ہیلڈی صاحب کی [illegible] افسر نے [illegible] ہوا اچھا سا [illegible] توجہ ہوئی تو [illegible] صاحب نے نانا صاحب سے ذکر کیا کہ مجھے [illegible] الفرسٹن [illegible] کتاب [illegible] نہیں ملتی اور [illegible] مفت [illegible] ہوتا ہے اگر آپ [illegible] کام آپ کے ذمہ نہیں [illegible] بہتر ہو نانا صاحب نے انکار کیا اور کہا کہ اگر حسن شاہ اس کام کو قبول کریں گے تو آپ کی غایت پوری ہو سکتی ہے۔ چنانچہ منگ صاحب نے مجھ کو بلوا کے اصرار کیا اور [illegible] شروط کے اسکو قبول کر لیا اگرچہ میری کوئی تنخواہ معین نہ ہوئی تھی مگر منگ صاحب [illegible] اعلیٰ منش اور فیاض [illegible] انگریز تھا میرے ساتھ [illegible] علاوہ نہایت ہی عزت اور توقیر کرتا تھا اور بارہا بیش قیمت اشیا اور معتد بہ نقد سے

۱؎ نانا [illegible] منشی گری [illegible] جیسا آئندہ معلوم ہوگا۔ مترجم
۲؎ [illegible] صاحب مصنف کے نانا سے فارسی یا اردو پڑھتا تھا۔ مترجم

[illegible] آخر [illegible] باپ [illegible]

[illegible] دل [illegible]

تھا اور [illegible]

اور دشمنوں سے [illegible] اپنے [illegible]

[illegible] تھا اور [illegible]

[illegible] آپ سے کہا [illegible]

[illegible] کرتا تھا [illegible] اب مجھے کسی [illegible]

[illegible] جو کچھ کہتا ہے [illegible]

خانگی اور معقولی وکالت [illegible]

[illegible]

[illegible] اگر آپکا [illegible] لائق ہوا [illegible]

کر دیا جائے [illegible]

[illegible]

[illegible] مجھے [illegible]

[illegible] کہ مجھے بھی اب زیادہ

آپکے [illegible]

[illegible] انگریز تھا [illegible] صاحب بہادر [illegible] لوگ۔ [illegible]

[illegible] اور اخلاق

[illegible]

کا اُس زمانہ سے بہت اچھا ہے مگر بات یہ ہے کہ پچھلے وقتوں کے انگریز [illegible] وشریف

آتے تھے اور [illegible] سادگی کے ساتھ [illegible] رکھتے تھے اب

دونوں طرف [illegible] مترجم ۱۲

[illegible] سے پتہ چلتا ہے کہ صاحب بہادر کی میم نہ تھی اور عیاش بھی تھے۔ مترجم۔

تو چپکا رہا پھر فرمایا کہ اچھا اسوقت کنجیاں اپنے پاس رکھیے - میں پھیرے لونگا میں خوش ہوا
کہ اس جھگڑے سے نجات ملی دوسرے دن صاحب نے اُس عورت کو نکلوا دیا میں نے
سنتے ہی صاحب سے جا کر سفارش کی مگر اس نے ہرگز قبول نہ کیا تب میں نے
کہا خیر اگر آپ اسکو نکالتے ہیں آپ کو اختیار ہو مگر میری کنجیاں لے لیجیے مجھے بھی رخصت
کیجیے - صاحب نے کہا تم کیسی باتیں کرتے ہو وہ تمھاری دشمن ہے میں نے کہا ہوا کرے
اگر آپ مہربان ہیں تو کسی کی دشمنی مجھے ضرر نہیں پہونچا سکتی ناچار صاحب نے پھر اسکو
بلوا لیا - مگر تھوڑے ہی دنوں میں وہ اپنی سزا کو پہونچ گئی یعنی صاحب نے بچشم خود اسکو
ایک خدمتگار کے ساتھ مختلط دیکھ لیا اسیوقت بہت فضیحتی سے نکال باہر کیا - غرضکہ خانگی عداوت
سے منگ صاحب بے انتہا مجھپر مہربان تھا اور کمال آزادی اور خود مختاری سے میں
بسر کرتا تھا میری عمر اُس زمانہ میں پندرہ سولہ برس کی تھی دوسرا صاحب نے بریلی سے
اپنے متعلقین کو بلوا کے قصبۂ [illegible] میں جو کانپور سے دو کوس پورب کیطرف ہو سکونت کرلی
تھی اور چونکہ کوئی تعلق خدمت باقی نہ رہا تھا اکثر خانہ نشین رہتے تھے میرا چھوٹا بھائی
میر حسین شاہ اور چچازاد بھائی میر محمد یوسف شاہ اور بعض قرابت داروں کے کمپ میں
رہتے تھے اور صاحب نے میرے لیے ایک عمدہ بنگلہ بنوا دیا تھا اور چونکہ صاحب کا ذاتی مکان
معہ ضروریات حمام وغیرہ اس زمانہ میں زیر تعمیر تھا مجھسے صاحب نے فرمایا کہ تم اپنے بنگلہ کی
درستی اعلیٰ درجہ بالکمال کرالو چنانچہ اسی وجہ سے میں اُن دنوں اپنا بنگلہ چھوڑ کر منشی روشن علی
صاحب کے مکان میں (جو نانا صاحب کے دوست تھے) جا رہا تھا اور روز [illegible] صاحب کے پاس آجایا کرتا تھا

تا دم حشر محبت میں دعائیں دون کا   واہ کیا شے ہو سلامت رہو قسمت میری

طبیعت آئی ہو

پھر نظارہ چلا ہو کوچۂ قاتل میں داغ   کس بلا کا ہو کلیجہ کس غضب کا دل ہو

اُس زمانہ یعنی سنہ ۵۹ء میں کمپ کا بخشی + کلن صاحب نامی ایک نہایت عیاش مزاج نوجوان تھا

---

* غالباً ٹیلر یا کوک ہوگا - مترجم -

+ بخشی سے مراد محاسب فوج قدیم محاورہ فارسی کے اعتبار سے صحیح مگر عہدے اور اُسکی امارت پر قیاس نہیں ہو سکتا کہ محاسب تھا میں سمجھتا ہوں کمانڈنگ افسر کو بخشی لکھا ہے کیونکہ قدیم زمانہ میں بخشی وزیر جنگ کو بھی کہتے تھے جیسا کہ سکندر نامہ وغیرہ میں لکھا ہے - مترجم

چنانچہ [illegible] کشمیری [illegible] آدمی [illegible] سے [illegible] جنگل کے برابر [illegible] جاتا تھا ایکدن محمد اعظم نامی [illegible] جو کشمیری [illegible] قوم کا [illegible] تھا اور [illegible] شناسا [illegible] پر کھڑا تھا مجھکو دیکھ کے سلام کیا [illegible] جواب مناسب دیدیا [illegible] اگر [illegible] فرمائیے

[illegible] دشمن کے گھر سے [illegible]

مجھ سے مروت [illegible] ایک [illegible] پال کے نیچے [illegible] کا مقام [illegible] گیا۔ وہان اور بھی [illegible] بیٹھے تھے انھون نے میری تعظیم کی اور کشمیری [illegible] محمد اعظم نے اُنکا جواب دیکے مجھ سے کہا [illegible] شخص [illegible] فارسی [illegible] اور اُن کو لکھوا لیا ہی مگر بعض اشعار انمین غلط معلوم ہوتے ہین آپ ذرا توجہ فرما کے [illegible] مین وہ غزلین اُس سے لے کے دیکھنے لگا۔ اس پال کے نزدیک [illegible] ایک خیمہ کھڑا ہوا تھا [illegible] ایک [illegible] اور [illegible] غزلین دیکھنے دیکھتے آنکھ اٹھا کے خیمہ کیطرف [illegible] تھا کہ [illegible] ایک پری پیکر نہایت حسین لباس فاخرہ اور زیور گران بہا پہنے ہوے خیمہ سے نکلی [illegible] چلی گئی [illegible] کبھی خیمہ کیطرف [illegible] اور کبھی غزلون پہ [illegible]

بانکی چتون پہ ادا لوٹ گئی ابھرے جوبن پہ حیا لوٹ گئی

اتنے مین کسی کے آنیکی چاپ معلوم ہوئی مین نے سر اٹھا کے دیکھا تو وہی عورت جسکا بیس اکیس برس کا سن ہوگا عباسی رنگ کا دوشالہ اوڑھے ہوے قریب میرے تخت کے آئی اور اُن لوگون کو اُستاد جی کہہ کے سلام کیا میرے قریب محمد اعظم بیٹھا تھا اور تخت کے نیچے اُسکا بیٹا اُسی کے قریب وہ کھڑی ہوگئی اُسکا حسن گلوسوز اور رنگ سُرخ و سپید دیکھ کے مجھے تحیر سا ہوگیا حقیقتًا بہت کم ایسی صورت دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا

وہ شرمیلی آنکھین وہ شرمیلی صورت وہ ہنسنا بھی کھلکر نہین جانتے ہین

ٹھوڑا سا توقف کر کے اس نے کشمیری زبان میں مجھ سے پوچھا جسکا جواب [illegible] اعظم نے اسطرح دیا
[illegible] میں سمجھ گیا میرا حال پوچھتی ہے اسکے بعد [illegible] پھر کشمیری کی طرف چلی گئی مجھے اسکا جانا
سخت ناگوار ہوا اور دل کو بیچینی سی پیدا ہو گئی ہر چند کہ [illegible] کا وقت تنگ ہوا جاتا تھا مگر میں
چاہتا تھا کہ پھر آئے تو اسے دیکھ لوں اس لیئے دیدہ و دانستہ توقف کرتا تھا۔

خود دیکھی کہ جو [illegible] دیکھ لین　　چلتی ہو کس طرح [illegible] دیکھ لوں

اشعار بھی دیکھتا تھا اور بعض جگہ درست کرتا جاتا تھا اور اسکو سمجھاتا بھی تھا اتنے میں دو
عورتیں ایک تیرہ چودہ سال کی بہت ہی سرخ و سپید [illegible] پاس
اور قیمتی زیور پہنے ہوئے سپید دوشالہ اوڑھے دوسری پچیس برس کی عمر والی فربہ اندام
گندمی رنگ متوسط درجہ کی پوشاک پہنے پلنگ کی طرف سے ہماری جانب آئین
اور اسی طرح استاد جی استاد جی کہہ کر [illegible] کے کشمیری زبان میں میرا حال پوچھا
اور ایک [illegible] میں [illegible] کہا کہ [illegible]
لکھدو [illegible] میر صاحب قبلہ [illegible] کہکے
دونون پلنگ پر بیٹھ گئین ذرا دیر کے بعد ایک اٹھی اور [illegible] گئی میں [illegible] غزلین
دیکھ رہا تھا اور سوچتا تھا [illegible] پھر آجاتی تو دیکھ لیتا۔

موسی سے کہدو طور پہ جایا کرین نہ روز　　اچھے نہیں [illegible] برق جا کے سامنے

یکایک جو عورت اٹھ گئی تھی اپنے ہمراہ ایک نازنین سو سے [illegible] آفت جان دوشیزہ
سیزدہ سالہ کو لے کے آئی جسکا چمپئی رنگ اور چشم شہلا قیامت ڈھاتی تھی کافر ادا والی
نے [illegible] ڈالی تھی۔ نہایت زرق برق لباس اور زیور [illegible] پہنے
بسنتی دوشالہ اوڑھے اس دلفریب ادا سے آکے کھڑی ہو گئی کہ بجلیان گر پڑین سے۔

نگاہ شوق نے کس کی پکار کر یہ کہا　　میری جگہ بھی کوئی جلوہ گاہ میں رکھیے

میری آنکھ کھلی کی کھلی رہ گئی اور محو حیرت ہو گیا۔

بجلیان دیکھنے والو نپہ گراتے آئے　　تم جدھر آئے ادھر آگ لگاتے آئے

ع چمپئی رنگ اسکا اور جوبن وہ گدرایا ہوا

میری آنکھ چار ہوئی کہ تیر عشق سینہ کے پار ہوا چشم افتادن ہمان دل دادن [illegible]
بالکل [illegible]

تھے جھومتی ہوئی چلی تھی اور وہ بھی بچھڑے کے سینے کے اندر رہ گیا ہے تلوار جیسے پتھر ٹھہرا یا بلکہ خون کا
پھوٹا ہاتھ سے گر گئی ۔ [illegible] اور [illegible] ان سے نکلا ۔
آنکھ [illegible] سے | کیا خبر دونون کی کچھ [illegible]
[illegible] حیران تھا کہ پروردگار تو نے کس قیامت کی صورت پیدا کی ہے [illegible]
[illegible] ہاتھ سے [illegible]

کچھ جوانی تھا [illegible] | وہ [illegible]

میرا صبر و قرار جو تھا رہا اور دل میں جو مقصد ہوا تھا اس قیامت [illegible]
تھوڑی مشغل سے میں نے حواس درست کیے اور دیکھا تو پہلی عورت بھی آگئی [illegible]
پلنگ پر بیٹھی [illegible] وہ شوخ [illegible] پاک کی [illegible] پکڑ کے کھڑی ہوگئی اور [illegible]
اس ناز سے دیکھا کہ میں کچھ تمام کے رہ گیا [illegible]

شوخی سے ہر شگوفہ کے کرشمے اڑا دیے | جس غنچہ پر نگاہ پڑی دل بنا دیا
امیر اس ناز سے ظالم نے دیکھا | نگاہیں بول اٹھیں وہ لے لیا دل

ایک عورت نے پوچھا استاد جی کوئی غزل درست ہوا محمد اعظم نے کہا ہاں کئی شعر
آپ نے بنا دیے ہیں اور وہ اصلاح شدہ شعر بھی سنائے میری پری جمال معشوقہ نے
کہا استاد جی کیا یہ صاحب شاعر ہیں میں نے جواب دیا نہیں بندہ شاعر نہیں ہو مگر سمجھ

لیتے ہیں [illegible] | تقریب کچھ تو بہر ملاقات چاہیے

محمد اعظم نے میری اور [illegible] صاحب کی حد سے زیادہ تعریف [illegible] میں چپکا سر جھکائے
حیران بیٹھا تھا اس مہ جبین نے فرمایا یہ سب سچ مگر معلوم ہوتا ہے صاحب [illegible] نہیں [illegible]

کبھی سمجھے نہ کوئی ناسمجھ ان بھولے بھالوں کو
سمجھتے ہیں یہی کچھ چاہنے والوں کی چالوں کو

میں نے کہا کیا کہوں مجبوری ہے

یک سن و یہ سر قتل اندر پر زادے چند | وائے بر صیدیکہ یک باشد و صیاد سے چند

محمد اعظم نے کہا واہ میر صاحب خیر تو ہے اسقدر سر جھکائے آپ کیوں بیٹھے ہیں میں نے
کہا [illegible] کی وجہ سے [illegible] صرف تمہاری خاطر سے بیٹھا ہوں مگر طاقت
[illegible] نہیں کہ [illegible] اٹھ سکے

یان لعل [illegible] نے [illegible] تو نہین لگا ۔ [illegible] لیکن دل کو
اُس نے کہا واقعی شدت درد سے آپ کے چہرے پر ایک رنگ آتا ہے [illegible]
اور کاغذ بھی آپکے ہاتھ سے گر گیا تھا خیر اسوقت [illegible] آئندہ [illegible] بانگ [illegible]
کہا نہین کیا مضائقہ ہے جسقدر ہو سکتا ہو درست کیے دیتا ہون [illegible]
[illegible] اور اپنے [illegible] صاف [illegible] ۔

دل [illegible]

[illegible] آپ [illegible]
اور [illegible] صاحب کی خدمت مین مدتون سے نیاز رکھتا ہے
ہنوز یہ فقرہ تمام نہوا تھا کہ [illegible] عورت نے کہا آپ پھر بھی تشریف لایے گا مین نے
کہا بشرط فرصت از کار و بار خاوندان - یہ سُنکے میری سخن شناس معشوقہ نے کمال
شوخ طبعی اور بے ساختگی سے مسکرا کے کہا - ہرگاہ ایشان خاوند دارند پس ایشان
را فرصت کے دست دہد یہ کہا اور طناب چھوڑ چپت ہوگئی ہائے اسوقت میرا
عجب حال ہوا ۔

[illegible] دیکھتے جاؤ ۔ خدا کے واسطے پھر پھیر دیکھتے جاؤ

ہر چند چاہتا تھا کہ ضبط کرون مگر [illegible] اور دل کی الجھن دم نہ لینے دیتی تھی دل و
جگر کے پرخچے اڑے جاتے تھے سر پکڑا [illegible] نہین بند ہوئی جاتی تھی کچھ عجب حال
تھا اور جی چاہتا تھا کہ پھر ایکبار [illegible]

[illegible]

چونکہ کمال بے طاقت اور مضطرب ہو گیا تھا میرا [illegible] نے کہا کہ آپ درد سر اور بیخوابی سے سخت
ہی پریشان ہین آنکھین سرخ اور پر آب ہین اسوقت تشریف لے جائیے استراحت فرمائیے [illegible]

اب تو جاتے ہین بتکدہ سے میر ۔ پھر ملین گے اگر خدا لایا

جب بنگلہ پر پہونچا نہایت بیقراری سے پلنگ پر گر پڑا اور کچھ سمجھ مین نہین آتا تھا کہ کیا ہوگا
یہان پر بہت سے شعر کسی پرانی مثنوی کے لکھے ہین جنمین کا ایک یہ ہے۔

پشت گریہ کنان چھوڑا اُسکے در کو ۔ بناچاری چلا مین اپنے گھر کو

اسوقت کے اردو شاعر وہی ہونگے جنکا [illegible] ذرا اول [illegible] لکھا ہے
مین نے یہ سب شعر چھوڑ دیے ۔ مترجم ۔

دیکھا ہی چکے ہین جیا ہی شیخ کچھ نہ پوچھ — ایمان کی تو یہ ہی کہ ایمان تو گیا

چونکہ میرے کاروبار [illegible] سمجھتا تھا پھر دن چڑھے جب دونون بھائی میرے پاس آ گئے تو انکو سمجھا بجھا کے ہر دم کا بہانہ کرکے پڑ رہا اگر کوئی کچھ پوچھتا تھا تو خاموشی کے سوا کچھ جواب نہ تھا ؎

[illegible] نے کیا شیدا — کہ جاتے تو ہین لیکن بتا نہین سکتے

رات کو تھوڑا سا کچھ کھایا نہ پیا ویسا ہی لیٹ رہا بیقراری سے کروٹین بدلتا تھا کسی پہلو چین نہ تھا ۔ محمد اسمٰعیل ذبیح ؎

چین بستر کا رہا بر و کردہ آسودن نداد — شب ہمہ شب چون خیال یک کاکل خمار بود

ساری رات تڑپتے گذری ہزارون شعر پڑھتا تھا اور زار زار روتا تھا جب صبح ہوئی منشی روشن علی نے کھانے کے لیے بہت اصرار کیا مین نے بڑی مشکل سے دو ایک لقمہ کھائے اور سوار ہوکے کچہری چلا جب اس مقام پر پہنچا آہستہ آہستہ گھوڑے کو چلایا کہ شاید محمد اعظم یا اسکا بیٹا مل جائے اور کوئی تقریب اندر جانے کی ہو جائے

اس طرف کا ہو کے ہم بادیہ پیما آئے — کوئے جاناں کی ہوا جا کے لگا لائی ہے

ساعت کی ساعت توقف بھی کیا مگر ہائے کوئی نہ ملا ؎

ترے کوچے [illegible] ہم کل اس طرح سے جا بیجا ٹھہرے — چلے جاتے تھے تھم کر بڑھے جھک کر ذرا ٹھہرے

جی چاہتا تھا گھوڑے سے گر پڑون اور جان دیدون ہائے کسی کی رسوائی [illegible] خیمہ مین بے طلب جانا مناسب نہ سمجھا اور محروم واپس روتا ہوا آیا [illegible]

شوق نظارہ ترا کھینچ کے لایا تھا اسے — گر [illegible] قیس کے پاؤن مین سلاسل [illegible]

دیکھ لیتی جو اٹھا کر تو ترے ٹوٹتے ہاتھ — لیلی اتنا تو نہ تھا پردہ محمل بھاری

غرضکہ کل کیطرح آج بھی بنگلہ مین لیٹ رہا مگر اس غیر معمولی حالت سے سب کے سب پریشان حال تھے تا آنکہ صاحب بہادر خود میرے بنگلہ مین مزاج پرسی کو آئے مین نے دردسر وغیرہ کا بہانہ کر دیا وہ چلے گئے مین ایک عجیب حالت اضطرار و [illegible] اور اپنے حال زار پر خود ہی افسوس کرتا تھا غضب تو یہ کہ نہ میرا جانا ہو سکتا نہ اسکو خبر نہ کوئی یار نہ غمگسار نہ نامہ بر نہ پیام رسان ؎

نہ گذر یار تک اپنا نہ بغیر اسکے قرار — کس پہ آئی ہے ہوا اور آئی ہے طبیعت کیسی

رات کو اور بھی الجھن نے ترقی کی بے چینی سے پاؤن [illegible] مجھے سودائی بنا دیا کبھی

زار زار روتا تھا اور سینہ دل خانہ خراب کی بیکسی اور مصیبت پر افسوس کرتا تھا [illegible]
کس عذاب میں گرفتار ہو گیا ہے۔

دل ہے کس طرح سنبھلتا ہی نہیں ہے ۔۔۔ میں لاکھ سمجھاتا ہوں پہ سمجھتا ہی نہیں ہے

بالجملہ آپکا دن اور رات بھی پریشانی اور نالہ و شیون میں گذری ہے۔

دن کٹا فریاد میں اور رات زاری میں کٹی ۔۔۔ عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی خواری میں کٹی

تیسرے دن پھر اُس مقام پر تو نظر نہ پڑی مگر کوئی نہ ملا چار رنگ پہ آیا اور عصر کے وقت نزدیک زنجیر دکانہ [illegible] حساب اور [illegible] کی تھیلی دونوں [illegible] کے حوالہ کر دی [illegible] اجرت زنجیر کر دی اور بیتی سوار ہو کے بخشی صاحب کے [illegible] تشریف گیا وہاں محمد اعظم کا بیٹا [illegible] سمجھتا ہے [illegible] نے باپ کو دوڑ کے خبر کر دی محمد اعظم میرے راہ گذر پر آیا اور نہایت ادب سے [illegible] اگر مرضی مبارک ہو تو ایک گھڑی کے لیے خیمہ میں قدم رنجہ فرمائیے کہ مجھے کچھ عرض کرنا ہے میں اس تقریب اور درخواست کو نعمت غیر مترقبہ سمجھا اور بلا عذر [illegible] اُس کے ساتھ ٹیلے پر چڑھا ہے۔

چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک راہرو کے ساتھ ۔۔۔ پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

محمد اعظم نے کہا آج صاحب خانہ نے نیاز کی ہے جو جناب پیرزادے اور سید ہیں شریک فاتحہ ہوں موجب کمال خیر و برکت ہوگا اور ہم لوگ بے انتہا ممنون منت [illegible] ہونگے میں نے کہا بہتر ہے۔

بڑے پاک طینت بڑے پاک باطن ۔۔۔ ریاض آپکو کچھ ہمیں جانتے ہیں

محمد اعظم مجھے بٹھلا کر خیمہ میں چلا گیا تھوڑی دیر کے بعد ایک شخص متقی صورت کو ہمراہ لایا میرا قدمبوس کرا کے کہا کہ صاحب خانہ اور ہمارے مالک آپ ہی ہیں میں نے اُس کے ساتھ بہت [illegible] اخلاق [illegible] کیا اُس نے کہا اب آپ یہاں نہ بیٹھئے خیمہ میں چل کے تشریف رکھئے میں نے کہا بہت اچھا اور میرا دل سینہ میں تڑپ گیا اس حالت کا اعادہ ممکن نہیں ہے۔

مرا جذب دل اُنکی خلوت میں پہنچا ۔۔۔ خدا ہے جو رہ جائے پردہ کسی کا

جسوقت خیمہ میں پہونچا گویا ظلمات سے چشمہ حیوان پر آگیا پہلے دیکھا کہ ایک عورت جسکا سن تخمیناً تیس برس کا ہوگا نہایت سُرخ و سفید کشمیری وضع کمال تمکنت سے بہ شان

دالان کے وسط مین رہنمائی ادھر سے ہوتے ہوئے تخت پہ پہنچی ہم مجھکو دیکھتے ہی اُٹھ کے سلام کیا اور مجھے تخت ایک کرسی پہ بٹھلایا وہان ایک فقیر کشمیری کمبی بیٹھا ہوا تھا اور ایک عورت سن رسیدہ سیاہ قصابہ سر پہ باندھے ہوئے تھا اور کار و بار مین مشغول تھی دوسری طرف کھانے کی دیگین پڑھی ہوئی رکھین تھوڑی دیر کے بعد محمد اعظم نے کہا کہ قبلہ فاتحہ کر دیجیے مین نے کہا نہ مین اور نہ فاتحہ خوانی کے مستحق یہ فقیر صاحب ہین
سب نے میری منتین کین کہ آپ ہی فاتحہ کیجیے کہ زیادہ برکت ہے ریاض ؎

پارسائی کا یقین غیر کو دلواتے ہین　　کہین بھولے سے نہ آ جائے تبسم مجھکو

مین نے کہا کہ اچھا یہ فقیر صاحب اور کل مرد ایک طرف کھڑے ہون اور صاحب نیاز معہ تمام عورتون کے دوسری جانب رہین اسکو سب نے پسند کیا جب مین فاتحہ کو کھڑا ہوا اپنے مقابل اُس پری جمال ستم آرا کو دیکھا ؎ امیر

باقی نہ دل مین کوئی بھی یارب ہوس رہے　　چودہ برس کے سن مین وہ لاکھون برس رہے

کہانکی فاتحہ اور کیسی فاتحہ مین اور ہی دھن مین محو نظارۂ جمال یار ہو گیا اور اُس تمام مجمع خوبان مین اُسکا منتخب حسن اُسکے بے خطا تیر نگاہ کے وار اُس کی بانکی ادائین جو کچھ میرے ساتھ کر رہی تھین مین خود اُسی کے جور و ستم عشوہ و ناز سے داد طلب تھا اور بے اختیار کہتا تھا ؎

قیامت ہین بانکی ادائین تمھاری　　ادھر آؤ لے لون بلائین تمھاری

بظاہر قرارت فاتحہ کو مین نے بہت طول دیا یہانتک کہ مغرب کا وقت آگیا اگرچہ جب بھی ختم کرنے کو جی نہ چاہتا تھا مگر مجبوری سے تمام کیا ؎

منتظر اُسسے ہم مخاطب اسطرف جانانہ ہے　　کر لو باتین آنکھون مین گو جلسہ بیگانہ ہے

وہان سے یہان مین آکے مغرب کی نماز پڑھی محمد اعظم کو تنہا پاکے مین نے پوچھا یہ سب کون لوگ ہین اور کہان سے کس لیے آئے ہین ؎

سابق و حال کے جلوے کو مطابق کر لین　　آئینہ بھیجدے اے وادی ایمن اُن کا

اُس نے کہا جسکو مین نے آپکا قدمبوس کرایا تھا اعظم جی اُسکا نام ہے سابق مین تجارت پیشہ تھا اور نہایت مدبر ہوشیار آدمی ہے اتفاقاً اسکو تجارت مین نقصان عظیم ہوا جس سے دوالہ نکل گیا آخر اس بڈھی عورت نے جو قوم کی کسبی اور اُس کے

خبر ہوگئی ہے اسکا نام چنبیلی جان ہے - مشورہ دیا کہ علیحدہ ہو جاؤ میں چند عورتیں جمع کرکے ہندوستان کی طرف جاتی ہوں اور ایک طائفہ قائم کرکے بسر اوقات کی صورت نکالونگی چونکہ اعظم جی اسکے منتظم تھے اور مفلس بھی ہوگئے تھے اسکے کہنے کو مان لیا اور اس مرزائی نامی عورت کو جو شالی رہنمائی اوڑھے ہوئے تھی کشمیر سے ساتھ لیا پردے پردے اسکے ساتھ آشنائی بھی ہے وہاں سے بیرون میں آگئے اس بستی ووٹ اور ایک عورت کو جسکا نام گلبدن ہے یہیں پہنچایا اور اب بھی یہی عورت زیادہ تر اسکے لیے ذریعہ معاش ہے وہاں سے لاہور میں آئے اور چند عورتوں کو جو چنبیلی جان کی قرابتدار ہیں جمع کیا اور بفراغت بسر کرنے لگے تھا جان نامی ایک عورت جسکی … تھی چنبیلی جان اسکو اپنے ساتھ ہمیشہ رکھتی تھی … بہت حسین … تھی اسکو ایک پٹھان سردار نے نوکر رکھ لیا اور آخر کار … کے ساتھ نکاح کر لیا ایک لڑکی اس سے پیدا ہوئی چند روز کے بعد وہ سردار مر گیا اور صاحب جان اسکے … وحشیانہ حرکتوں سے خائف ہو کے چنبیلی جان کے پاس بھاگ آئی مگر چند ہی روز کے بعد … مر گئی اعظم جی نے اس لڑکی کو جسکا نام حسنہ جان ہے اپنی … درجہ اس سے محبت … ہے اسکی تعلیم و تربیت میں صرف کیں … اور اب وہ … نے پوچھا وہ لڑکی ابھی … انہوں نے کہا کہ وہی ہے جو … اور … فاتحہ … مرزائی کے برابر … تھی میں نے اپنے دل میں کہا آہ آفت جان … آرام … سے ریاض

زخم بول … جو نشان قاتل کا / باتیں … سے مرنے والے

محمد اعظم نے کہا کہ اعظم جی کیوجہ سے مرزائی اس سے بہت ہی محبت رکھتی ہے … جس کو بنایا ہے اور ماں کی طرح اسکی خاطرداری اور نگرانی کرتی ہے … بہت چاہتے اور اسکی نازبرداریاں کرتے ہیں - اعظم جی کو اسکا گانا ناچنا منظور اور پسند نہ تھا مگر اسکی نانی چنبیلی جان کہ نائکہ ہے کب باز آتی اسلیے ایک برس سے اسکو رقص و سرود کی تعلیم دلائی گئی ہے لیکن اعظم جی کہتا ہے کہ اسکو کسی اشراف کے ساتھ نکاح کر دونگا اور ابتک وہ کہیں نہیں گئی ہے چند انگریزوں نے خواہش بھی کی مگر اعظم جی اور مرزائی نے قبول نہیں کیا۔

اچھوتی ابھی سے ہے اتھری / کنواری ہے مینا کی … ہے

میں نے پوچھا کہ وہ خوش … سال عورت سپید دوشالہ اوڑھے کون تھی اسنے کہا کہ چنبیلی جان

کی بھانجی ہے اور بی جان نام ہے چنانچہ دو برس ہوئے مولیر صاحب نامی انگریز نے پانسو روپیہ ماہوار پر
نوکر رکھا تھا اور جب وہ چلا گیا ہے جب سے یہ کہین نہین گئی ہے مگر صرف گاہے گاہے کلن صاحب کے پاس
تین سو روپیہ ماہوار پر نوکر ہے اور پچیس روپیہ خانم جان کی میوہ خوری کے لیے دیتا ہے علاوہ
اسکے ہر ہفتہ مین ایک مجرا ہوتا ہے تیس روپیہ انعام ملتا ہے ان مقررہ رقوم کے سوا نقد و جنس
اور مرصع زیور وغیرہ بہت کچھ بخشش صاحب نے مجھ کو دیا ہے مین نے کہا کہ اسکی کیا وجہ کہ آج
سب سے خانم جان کو آراستہ و پیراستہ زیادہ دیکھتا ہون وہ بے انتہا زیور
پہنے ہے اور گویا دلھن بنی ہوئی ہے ریاض

[illegible] کو جو مرے گی — وہ چیز جو چکھے [illegible]

اُس نے کہا کہ خانم جان کی ماں ہر سال اسکی سالگرہ [illegible]
سا [illegible] روپیہ کا کھانا [illegible] تقسیم [illegible]
اور آج وہی تقریب سالگرہ ہے اس لیے بی خانم جان [illegible]
بیش بہا پہنے ہین اسکی ماں کے پاس [illegible] درجہ کا قیمتی مرصع زیور [illegible]
اعظم جی نے وہ سب خانم جان کو دیدیا ہے بلکہ اپنی طرف سے [illegible] زیور بنوا دیے [illegible]
عورتون مین جسقدر قیمتی اور افراط سے خانم جان کے پاس گہنا ہے کسی کے پاس نہین اور
فی نفسہ خانم جان سب باتون مین خوبیِ مزاج - صفائی - شعور - تیز طبعی - ذکاوت - ذہانت
نزاکت - نفاست مین سب سے فایق اور یکتا ہے

آنکہ میگویند آن بہتر ز حسن — یار ما این دارد و آن نیز ہم

اسکے سننے سے مین پھولا نہ سمایا چونکہ دیر ہوچکی تھی مین نے سواری طلب کی اسی دم ایک خادمہ
خیمہ سے آئی اور کہا کہ استاد جی بی میرزائی کہتی ہین کہ [illegible] صاحب کو جانے نہ دینا اور خیمہ کے
اندر بلاتی ہین [illegible] بات ہوگئی مجھے جانے دو پھر کبھی آؤنگا محمد اعظم نے
کہا کہ قبلہ یہ تو مناسب نہین ہے درحالیکہ کوئی اسقدر آرزو و منت کرے انکار نہ چاہیے
اور رد دعوت ممنوع ہے [illegible] بہتر ہے کیونکہ مین تو یہ خدا سے چاہتا تھا غرضکہ مین خیمہ کے
اندر گیا: دیکھا تو خیمہ کے اسطرف دوسرے ڈیرے اور پال ہین کھانا تقسیم ہو رہا ہے مگر
میرزائی میرے انتظار مین خیمہ کے اندر تخت پر بیٹھی ہے مجھے دیکھتے ہی تعظیم کے بعد
بہت تپاک سے ایک کرسی پر بٹھایا محمد اعظم جی دوسرے تخت پر بیٹھ گیا اور میری تعریفین کرنے لگا

میرزائی نے کہا جناب آپ نے کمال بندہ نوازی فرمائی ہماری خوش قسمتی سے آپکے قدم یہانتک آئے [illegible] ہماری عزت [illegible] آپ سے ہمکو دین و دنیا مین توقع بہتری کی ہے

وہ [illegible] مین کیا کہون [illegible] مجھے کس کے گھر ملی جبکہ آپنے استقدر قدردانی و نوازش فرمائی ہے ایک عرض اور ہے اُسے قبول فرمائیے یعنی اگرچہ [illegible] فرمایئے تو اولش ہمکو نصیب [illegible] اور موجب مسرت ہو [illegible] کہ آپ دن کو تشریف لائے [illegible] میرا مقصود ہے جو مین نے پہلے سے [illegible] جب اس طرح کھانے کے [illegible] اصرار ہوا مین نے کہا کہ اول تو میری عادت کسی کے یہان کھانے کی نہین ہے لیکن خیر آپ لوگ محض خصوصیت و محبت سے مصر ہوتے ہین تو مجھے عذر نہین مگر مین بے لطف کھانا نہین کھاتا چنانچہ اس بات کو [illegible] زبان مین باین [illegible] نے ادا کیا [illegible] بخیر ہے ایسا ہو کہا چھپکا کھانا بندہ کے پسند خاطر [illegible] میرزائی کہنس پڑی اور کہا دن کے مجمع اور گانے کا لطف اس وقت ممکن نہین ہے لیکن جو کچھ ہمکو آتا ہے سنا دینگے اور ایک کنیز کو بلا کے کہا کہ گلبدن اور خانم جان اور بی جان کو بلا لا اور محمد اعظم سے کہا کہ تم بھی صدیق جی وغیرہ سازندون کو لے آؤ کیونکہ ہمکو میر صاحب کی خاطر منظور ہے وہ اودھر گیا اودھر گلبدن اور [illegible] اور خانم* آگئین میرزائی نے اُنسے سب حال [illegible] کہ میر صاحب چونکہ جوان خوش مزاج اور [illegible] بغیر گانے بجانے کے انکو [illegible] کھانا کھانا کیونکر پسند آتا [illegible] تھوڑی دیر میر صاحب کا جی خوش کردو گلبدن نے کہا بہت بہتر یہ ہماری سعادت ہے محمد اعظم وغیرہ سازندے بھی آگئے اور سازندون کو ملانے لگے [illegible] مین نے کہا یہ تو بڑا غضب ہے اگر سب آئے مگر وہ شوخ طناز ہی نہ آئی پھر کیا لطف خاک ملیگا [illegible] سوچ کے کہا کہ شاید صاحب تقریب کو اس فن سے کوئی لگاؤ نہین ہے اس نے کہا نہین صاحب نام خدا میری خانم بہت ہی

* اسکا نام آگے کہین نہین آیا ہے اس سے قیاس ہوتا ہے کہ مہمان ہوگی مترجم۔

خوب گاتی ہی اور اگرچہ بہت کم اُس نے تعلیم پائی ہی مگر بہت وہ بہت پڑھ گئی ہی پیشہ
گوارا ہو یہ بھی تعجب ہی کہ آپ سب اسقدر مہربانی فرمائیں اور جسکی تقریب ہو یا وجود ہمارت
اور قابلیت کے نہ تشریف لائیں میرزا نی میرے اسی کہنے سے چونکہ بھی پڑی اور گلبدن
سے کہا کہ ہاں جی خانم جان کہاں ہی آپ نے کہا کہ ہم تقسیم طعام کی میری پیچھے گئے کہ سیدانی
بلاکے تو آتی سب تو اُٹھ کھڑی ہوئیں مگر خانم جان پلنگ پر لیٹ گئی کہ میرا سر پھٹا جاتا ہی
اگر بی اماں پوچھیں تو کہدینا یہ سنتے ہی میرے ہوش اُڑ گئے اور دل بے چین ہو گیا کہ
جیسے یہ سب ڈھکو سلے تھے گئے وہی مطلب نہ حاصل ہوا پھر یہ کہا تو میرے سینے
آواز نوحہ و شیون آتی ہے دیکھیے اُس ستمگر نے شاید یہ رنگ ڈھنگ دیکھ کے کچھ اپنا درد سر
کا بہانہ کرلیا میرا قلق اور بھی ترقی کر گیا اور سوچنے لگا کہ اب کونسی فکر کیجائے جو وہ غارت
گر ایمان آئے اور میری الجھن کو مٹا دے

وہ کیوں اُٹھ کے محفل سے خلوت میں آئیں   وہ کیا جانے کیا مدعا ہے کسی کا

اتنے میں مرزائی نے کہا کہ خیر مضائقہ نہیں اب تو آپ سے نیاز حاصل ہی ہو گیا ہی پھر کسی دن
جلسہ کرینگے اور آپکو گانا سنائینگے خانم جان بھی گائیگی" ہر چند اُس نے باتیں بہت بنائیں
مگر مجھے چین نہ پڑا میں نے کہا حیرت ہو صاحب مجھے کچھ ایسا زیادہ شوق نہیں ہے صرف
آپکی عنایت دیکھ کے بیٹھے بے تکلفانہ یہ بات کہدی تھی مگر افسوس ہو تو اس بات کا کہ آپ
سب تو مہربانی فرمائیں اخلاق صرف کریں اور صاحب تقریب یوں الگ رہیں اس
سے مجھے تو کھٹکا ہوتا ہی کہ شاید میرا آنا اُنھیں ناگوار ہوا میرزائی نے کہا نہیں صاحب
میری خانم اسقدر کج خلق اور بے تمیز نہیں ہی کہ آپ کے تشریف رکھنے سے ناخوش
ہو بلکہ یقین ہی کہ حقیقتاً رات کو جاگنے سے درد سر ہو گیا ہو گیا اچھا میں خود جاتی ہوں اور
بلائے لاتی ہوں" میں نے کہا کہ اسکی کیا ضرورت ہی کہ خواہ مخواہ آپ تکلیف فرمائیں بھیا اعظم نے
کہا جناب آپ انکو جانے دیجیے خانم جان کا یہاں ہونا اسوقت بہت ضرور اور اُس کی
سعادت ہی" غرضکہ میرزائی تو اُدھر گئی یہاں بی جان نے گلبدن سے کہا کہ تمام حسد اور
میر صاحب بڑے ہی خوش مزاج اور مجموعۂ اوصاف ہیں خصوصاً آپ کو اشعار کسقدر یاد ہیں اور
کس خوبی سے پڑھتے ہیں" اُس نے کہا واقعی تم نے تو میرے منھ کی بات چھین لی میں کہنے ہی کو
تھی کہ جب تک جناب میر صاحب کوئی شعر نہیں پڑھتے ہیں اتنا کہنے نہ پایا تھا کہ یہ آپکا حسن ظن ہی

کہ میرزائی خانم جان کو لیکر آپہونچی اور میرے منھ سے نکل گیا [illegible] ؎

وہ زیب شبستان ہوا چاہتا ہی　　مجمع پریشان ہوا چاہتا ہی
خرامان خرامان چلے آتے ہین وہ　　گلستان گلستان ہوا چاہتا ہی

گلبدن نے میرزائی سے سب باتین دھرائین [illegible] پھر کیا پوچھنا ہی ہم بھی مشتاق ہین [illegible] مین نے اسوقت حسب حال چند شعر [illegible] ہین ؎

[illegible]　　[illegible] کیست [illegible]
[illegible]　　[illegible] یاد من است
[illegible]　　شرم ہے آید مرا زانکس کہ صیاد من است
[illegible] گذشت [illegible]　　[illegible] جگر گذشت [illegible]

الغرض سب [illegible] مگر اس ستمگر نے ایک حرف بھی منھ سے [illegible] ؎

دامن کی شکن [illegible] بلا مین　　دل یار کے ابرو کا اترتا ہی نہین ہے

[illegible] گار کس نے اسکے کان مین کہدیا کہ مین تم پہ مرتا ہون مگر مجھے معلوم ہے کہ [illegible] زمانہ خراب ہو گئی ہی محمد اعظم نے پوچھا بی خانم جان خیریت تو ہے مزاج کیسا ہے فرمایا گیا کہون استاد جی اسوقت درد سر شدت سے ہے گلبدن نے کہا کہ جب تک ہم بیٹھے تھے اچھی خاصی تھین ہم اٹھے کہ آپکا مزاج بگڑ گیا پھر تو ہم چلے آئے معلوم نہین پھر کیسی رہین [illegible] مین نے کہا کہ یہ میری خوش قسمتی ہے سب ہنسنے لگے مگر وہ مسکرائی تک بھی نہین ؎

تیرے ظلم پنہان ابھی کون جانے　　فقط آسمان آسمان ہو رہا ہے

اسوقت بے اختیار جی چاہا کہ اٹھکے بلائین لون گلبدن نے کہا اچھا تم چپ بیٹھی رہو

---

* اسیطرح بہت سے شعر حضرت نے پڑھے جسکے تین حصہ پانچ صفحون پر ہین ایک عام عاشقانہ انداز کے دوسرے حسینون کی تعریف مین تیسرے اپنے حسب حال مین نے وہ سب چھوڑ دیے - مترجم

شکایت نہ کروں اس نے کچھ جواب نہ دیا اور سر جھکا کے ایک سکوت کے عالم میں ہو گئی ٭ مترجم

میرے نالے سے بھی غضب نہیں ہوتا ظاہر — تیرے چپ رہنے سے انداز بیاں ہوتا ہے

اسکے بعد گانا شروع ہوا چونکہ میں دو تین دن سے خفیف کر رہا تھا کہ دل بھر آیا اور کلیجہ الٹنے لگا [illegible] میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور ہچکیاں بندھ گئیں تجاہل بھی [illegible] سوز و گداز کی بجلی چمکنے [illegible] کر دیا اور ایک سماں سا بندھ گیا اس وقت میں نے اسکی طرف متوجہ ہو کے کہا ؎

گفتم ز راز درد تو دانم بگشائی — مشکل آسان نشود تا تو زبان بگشائی

گلبدن خانم نے [illegible] ایک دوسرے کی [illegible] میری گزارش پر اس نے ایک تان اس طرح لی گویا رگوں سے جان کھینچی ہو ؎

بچیں بلبل مری برق فغاں سے — خبر دارا اپنے آشیاں سے

ساتھ ہی یہ غزل حضرت حافظ شیرازی کی شروع کی۔ غزل

یارب آن شمع شب افروز ز کاشانۂ کیست — جان ما سوخت بپرسید کہ جانانۂ کیست
حالیا خانہ برانداز دل و دین من است — تا ہم آغوش کہ می باشد و ہم خانۂ کیست
بادۂ لعل لبش کز لب من دور مباد — راح روح کہ و پیمان دہ پیمانۂ کیست
دولت صحبت این شمع سعادت پرتو — باز پرسید خدا را کہ بپروانۂ کیست
میدہد ہر کسش افسونی و معلوم نشد — کہ دل نازک او مائل افسانۂ کیست

اس شعر کو مکرر سہ کرر گایا ؎

یارب این شاہ وش ماہ رخ وہ افروز — در یکتائے کہ و گوہر یکدانۂ کیست

گفتم آہ از دل دیوانۂ حافظ بے تو
زیر لب خندہ زنان گفت کہ دیوانۂ کیست

اس غزل سے عالم ہی اور ہو گیا سب کی حالت متغیر تھی اور وہ ستمگر سر جھکائے جس طرح گا رہی تھی ہرگز نہیں اٹھاتی تھی میں غزل سے سمجھا کہ اسکے دل پر بھی کچھ اثر ہوا ہے

٭ دیکھیے خانم جان کیا ستم کر رہی ہے اب لوگوں کا قاب میں جی لگیگا چوٹیں شروع ہو گئیں جواب تو برجستہ اور شافی دیا۔ مترجم

اگر تم چاہو اس بات کو تحقیق کرنا چاہتی ہو کہ اختر [illegible] نے میرزا [illegible] سے کہا کہ اگر یہ غزل یاد ہو تو سنوا دیجئے اسنے کہا کہ ہم سب ابھی [illegible] خانم [illegible] ساتھ ہیں اور اس سے کہا کہ [illegible] خانم یہ غزل گاؤ کہ۔ غزل

... شفق چشم من آشیانۂ [illegible]	[illegible]
ز زلف و خال و خط ای عاشقان [illegible]	[illegible]
دولت بوصل گل ای بلبل سحر [illegible]	که در چمن همه گلهای [illegible]
علاج ضعف دل ما لب حوالت کن	که این مفرح یاقوت در خزانۂ تست
من آن نیم که دهم نقد دل بهر شوخی	در خزانه بمهر تو و نشانۂ تست
بہرتن مقصرم از دولت ملازمت	[illegible] جان خاک آشیانۂ تست

اس شعر کی پہلے مکرر فرمائش کی ہے۔

تو خود چه جستی ای شه [illegible] کار	که تو [illegible] سام تازیانۂ تست
[illegible] دست شعبده بازند	ازان حیل که در انبانۂ بهانۂ تست
سرود مجلست اکنون فلک برقص آرد	که شعر [illegible] سخن ترانۂ تست

اسکے بعد اُسنے یہ شعر گائے۔

ای از تو [illegible] آرام جان کیستی	[illegible] زمن تاب و توان [illegible] کیستی
سوزم فزاید ساز تو دل می رباید ناز تو	[illegible] انداز تو [illegible] کیستی
از غمزه دلها دوخته وز چهره جان [illegible]	ای آتشی افروخته از دودمان کیستی
از عاشقان [illegible] شدم بی خانمان تو شدم	من خود ازان تو شدم تو خود ازان کیستی
کشتی مرا از تیغ کین ما لیده بازو آستین	اکنون بگو ای نازنین در امتحان کیستی
درون سینه من زخم بی نشان زده	بحیرتم که عجب تیر بی کمان زده
کجا روم بکه گویم چه چاره کنم	که تیر عشق مرا در درون جان زده

یہ شعر گاتے گاتے کنکھیوں سے میری طرف دیکھ کے اُسنے مسکرایا اور زیر لب کچھ کہا گویا مجھپر بجلی سی گر پڑی اور دل سینہ میں تڑپ گیا ہے

نہ کیونکر نثر مرا جاؤں کہ یاد آتا ہے وہ رہکر — وہ تیرا مسکرانا کچھ مجھے منہ ہی میں کچھ کہکر

ایسا مزہ دار مجرا اُسوقت ہوا کہ سب کے سب بے کیف ہو گئے مجھ [illegible] نے میرزا [illegible] سے کہا کہ [illegible]

ہرگز یہ لطف نہیں ہوا تھا میرزائی نے کہا یہ سب آپکے قدوم کی برکت ہوا اتنے ہی میں [illegible]
نے خادمہ کو بھیجا کہ اپنی میرزائی آ جاتے آپ آئیے اپنے سامنے سب کپڑوں حصہ [illegible] بیٹے میرزائی سے
نے مجھ سے اجازت چاہی اور عذر کیا کہ میں ابھی آپ کو چھوڑ کے نہ جاتی لیکن [illegible]
بغیر میرے تقسیم نہ ہو سکے گی انشاءاللہ اگر زندگی باقی ہے تو پھر خدمت گزاری کو حاضر
ہوں اور مجھ اعظم سے کہا معلوم ہوتا ہے میر صاحب کو کسی سے تعلق بھی ہے جب ہی تو یہ گداز سے
سوز و ساز طبیعت میں ہے گلبدن نے کہا واقعی مجھے بھی ایسا شبہ ہوتا ہے بیشک کسی
پری پیکر سے آنکھ لڑ گئی ہے بقولے ؎

دل آشفتہ و چشم خونبار داری ‖ مگر با محبت سر و کار داری

میں نے مسکرا کے میرزائی سے کہا کہ میں تیرا عاشق ہوں اُس نے قہقہہ لگایا کہ میری
خوش قسمتی پر مجھے خود رشک کرنا چاہیئے میں نے پھر کہا صاحب میں کہاں اور عشق کہاں
میرا سر شوریدہ اور قلب ناتوان اس بارگران کا تحمل کیسے کر سکتا ہے ؎

تجھی سے ہیں لے میرے غم خواریاں ‖ نہ بھائی ہماری تو طاقت نہیں

ہاں طبیعت میں اضطراب اور چوٹ فطرتی ہے جس سے بے چین ہو جاتا ہوں اور آنسو
نکل پڑتے ہیں ؎

دلمیں اک درد اُٹھا آنکھوں میں آنسو بھر آئے ‖ بیٹھے بیٹھے ہمیں کیا جانئے کیا یاد آیا

گلبدن یہ سن کے ہنس کے کہا اے بی میر صاحب خود ہی میرا یا معشوق ہیں بھلا کسی پر
عاشق ہونے لگے اور بڑے نصیب اُسکے جسپر مائل ہو جائیں اسکی قسمت کی قسم کھانا
چاہیئے۔ مترجم ؎

جسطرف جاؤں حسین لوٹ ہوئے جاتے ہیں ‖ عجب انداز سے پیدا ہوئی صورت میری

* اس پر میری شوخ مزاج جانان نے کہا کہ ہم تم بھی لگے ہاتھوں عاشق ہو تو بہتی گنگا
میں ہاتھ دھو لو بلکہ مناسب تو یہ ہے کہ عاشقی کا پیغام بھیجو ایسا مال غنیمت کہیں مل سکتا ہے
گلبدن نے اسکو ٹال کے پھر کہا کہ آپ کچھ ہی کہیے میں نہ مانوں گی بیشک کہیں آپ پھنسے
ہوئے ضرور ہیں وہ تو آپ کا ہر انداز کہے دیتا ہے کہ کچھ دال میں کالا ہے

* بنائے جاتے ہیں مترجم

چشم بیدرد تر نمے باشد　　ہر صدف پر گہرے باشد

میری معشوقہ نے اسپر فرمایا کہ ایک شعر مجھے بھی ایسا ہی یاد آیا ہے ؎

ہولئے بادہ اگر نیست درست فیضی　　دل پر آتش و چشم پر آب یعنی چہ

مین نے کہا کہ صاحب عشق کرنے کو بھی حوصلہ اور دل شوریدہ درکار ہے مگر مین پہلے ہی کہہ چکا کہ ایک لگاؤ البتہ طبیعت مین ہے جس سے بے اختیار ہو جاتا ہون ؎

لپکا ہے بڑا بزم حسینان کا ہمین بھی　　راتون کو پہونچ جاتے ہین ہم بھیس بدلکر

پھر مین نے دبی زبان سے یہ شعر پڑھا البتہ ؎

سو دلے تازہ بسر زلف کردہ ایم　　آگاہ نیستم ز سود و زیان ہنوز

دل اک بت پہ شیدا ہوا چاہتا ہے　　خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے

اسپر سب ہنس پڑے ہر چند مین نے یہ الفاظ کہے مگر اپنے اوپر نفرین کرتا تھا کہ کیون مین نے یہ کہا اور [illegible] کیا آنسو پی گیا ہوتا مگر اب کیا ہو سکتا ہے ؎

[illegible] اشک کیجئے کیا مگر　　[illegible] دیار حرمان سے

ایسی ہی خوش گپیان [illegible] آگئی [illegible] غصہ [illegible] جلد آ گئے پھر [illegible] اٹھ کھڑی ہوئی [illegible] ایسی مہربانی کی اور [illegible] محفوظ فرمایا کہ [illegible] خدا سب کو ہمیشہ خوش رکھے چونکہ رات [illegible] [illegible] نہین کیا مگر کہا کہ [illegible] کہ ہمارے [illegible] دولت خانہ نہین دیکھا [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

حسن شاہ آدمی خوش رو اور نوجوان تھے اور وہ اہلیان سب کی سب [illegible] کو بجائے خود انکی طرف مائل ہوئین [illegible] انکا بھید لینا ضرور پڑا اس لیے یہ اظہار [illegible] چوچلین ہونے لگین — مترجم

میں نے کہا انشاء اللہ ضرور جب فرصت ہوگی آیا کروں گا اور آدمی بھی چھوڑے جاتا ہوں میری آئی تو رخصت ہونے کے پہلے ہی [illegible] آخر کھڑا ہوا اور سب بھی اُٹھے گلبدن نے کہا کہ خیر صاحب [illegible] انہیں نے کہا ؎

غلام حضرت عشقم کرم بہائے منست — ہر آنکہ بندہ بجواند مرا خدائے منست

آپ سب صاحبوں کی عنایت چاہیے اور سبکی طرف ہاتھ سے اشارہ کیا میری جان جہان نے ہنس کے کہا کہ "یہ خیریت بی گلبدن آپ پر عاشق ہیں البتہ اُنکی مہربانیوں کے آپ منتظر ہیں اور وہ آپکی"۔ میں نے کہا خیر ہم یوں بھی اچھے رہے کوئی عاشق ہے کوئی معشوق سہی فرمایا کہ دونوں ہی ہونگی دوسرے کو کیا غرض میں نے کہا کہ خیر ؎

وہ نادان انجان بھولے ہیں لیکے — کہ سب شیوۂ دشمنی جانتے ہیں

اب تو چار ناچار چلنا ہی پڑا رخصت ہوتے ہوتے یہ شعر پڑھ دیا ؎

میں جاتا ہوں دل کو ترے پاس چھوڑے — مری یاد تجھکو دلاتا رہے گا

چونکہ دل آنے کو چاہتا نہ تھا اور اب کوئی حیلہ بھی نہ تھا لہذا میں نے گلبدن سے کہا "تو کیا یاد کرو گی چلتے چلتے چند شعر سنائے دیتے ہیں"۔ اُسنے کہا "واہ نیکی اور پوچھ پوچھ ضرور ارشاد فرمائیے"۔ اشعار یہ ہیں ؎

بلبل بہ گل فشاں دہد از رنگ و بوی تو — پروانہ با چراغ کند جستجوی تو
تا باشدم بہانہ از بہر بازگشت — دل را بجا گذاردہ رفتم بکوی تو
خواجہ دانست کہ من عاشقم و ہیچ نگفت — حافظ ار نیز بداند کہ چنینم چہ شود
نہ تنہا با تو نازنیست واقف آن پریرو را — ز خوشی عالمی را دارد کہ با عالم نمی سازد

گلبدن وغیرہ بہت ہی خوش ہوئیں اور محمد اعظم سے کہا کہ تمنے غضب کیا کہ ابتک آپ کا ذکر نہ کیا آپ تو ہمیرا باغ و بہار ہیں کاش ہمکو پہلے سے آپ کا حال معلوم ہوتا تو بڑے لطف سے گذرتی میں نے کہا یہ سب آپکی مہربانی ہے [illegible] مہربانیاں یاد [illegible] مشہور رہا ایسے قبل از وقت کیسے ملاقات ہوتی اس نے کہا خیر اب ہوئی ہے

؎ اسیطرح شعر پڑھتے ہیں۔ مترجم
؎ یہ لفظ مصنف ہی کا ہے۔ مترجم

تو اتنا کہا تھا ہماری خبر ... ایسا نہو ... [illegible]

چل کھڑا ہوا ہے

جاتے ہین تیرے کوچہ سے قاتل خفا نہو　　ٹکڑے تو ڈھونڈھ لین دل صد پاش پاش کے

جب گھر پہنچا تو دل مین کہا یہ اچھی ہوئی برے پھنسے خدا ہی حافظ ہے

جور فراق بھی ستم آسمان بھی ہے　　دل کی طرف سے یاس بھی ہو خود [illegible]

اس تازہ چوٹ اور شیفتگی کا نتیجہ ہوا کہ کبھی کبھی سچ مچ مین شعر بھی کہہ لیتا اور استادونکے بھی اردو شعر بہت سے پڑھا کرتا تھا مگر بخوف طوالت انکو لکھا نہین گھر مین آکے عجب حالت کرب مین تھا کبھی تو اسکی صحبت اور اس سے بات چیت ہونے کی خوشی ہوتی تھی اور کبھی اپنی حالت زار پر افسوس ہوتا تھا اور کبھی سوچتا تھا کہ خدا یا اسکا انجام کیا ہوگا اور صورت نامہ و پیام اور صحبت وصال و ملاقات کسطرح حاصل ہوگی یہ مفت کا درد سر اور خدا جانے کیا رنگ لائے

بیٹھے بٹھائے آئے جو شامت تو کیا علاج　　دل نے کہا کہ آؤ چلین یار کی طرف

انھین دنون اور رنج کا ... [illegible] ... کے آئے اور وہ ... دوا کے لیے نسخہ تجویز کیا مین اپنے جی مین ہنستا تھا کہ مرض کیا ہے اور دوا کیا تجویز ہو رہی ہے

نشتر چہ زنی رگ جنون را　　آگاہ نہٴ ز درد درون را

پہچان حال زار نہین کوئی بجز مین　　ہم دل کا درد کسکو بتائین کراہ کے

انھین دنون میرا بنگلہ بھی تیار ہوگیا صاحب بہادر آئے کہا اب ہمین کیون نہین اٹھ آتے مجبوراً روشن علی صاحب کے مکان سے اٹھ آیا اگرچہ دل نہین چاہتا تھا کیونکہ وہ قریب اس گلی سے آئے جانے مین امید بھی کہ شاید پھر خیمہ مین جانا ہو مگر صاحب کا حکم نہ ٹال سکے اتنی مدت مین اتفاق کی بات کہ محمد اعظم سے بھی ملاقات نہوئی کہ کچھ حال ہی معلوم ہوتا

ورد تھا اک دل بیمار کا عمر بھر ہم　　[illegible]

[illegible] جسدن میرا اسباب آیا تھا اور مین اس مکان سے رخصت ہوگیا ... محمد اعظم کو اس مقام سابق پر کھڑا دیکھا مجھ سے مزاج پرسی کے بعد درخواست کی کہ اگر فرصت ہو تو دم بھر کے بیٹھ ہوتے جائیے مین تو چاہتا ہی تھا مگر وہ اندر تو مجھے سے نہین گیا وہ ہین

گھر سے گھر سے یہ خبر تازہ سنائی کہ بخشی صاحب کل براہ دریا کلکتے جاتے ہین اور ہمکو بھی جواب دیا اب ہمارا ارادہ ہی کہ چنار گڈھ جانیکا [illegible] ہوش اڑ گئے کہ الٰہی یہ کیا غضب ہوا

مدت سے لگ رہی تھی لب بام تکٹکی   [illegible] پڑی نگہ انتظار آج

مگر مین نے دل مین کہا خدا مسبب الاسباب ہی کوئی صورت کرہی دیگا ؎

زاہد ہو وکہ طالع اگر طالع منست   جانم بدست باشد و زلف نگار ہم

اتفاق سے اسوقت اندر بھی جانا ہوا اور میری معشوق بھی باہر نہ آئی بہت ہی رنجیدہ ہو اب بنگلے پر آیا تو یہ نیا سودا ساتھ لایا اب اضطراب وغم کا کیا پوچھنا تھا کسیطرح چین نہین آرام نہین ہزارون خیالات کا ہجوم اور چارہ کار مفقود نہ مونس ہمدم نہ شفیق نہ ہمراز کہون تو کس سے کہون اور کرون تو کیا کرون ؎

شریک حال عاشق بیکسی مین کون ہوتا ہی   جو نکلی بھی تو کچھ دلسوز آہ آتشین نکلی

کروٹین بدلتے بدلتے پہلو دکھ گئے اور تارے گنتے گنتے آنکھین پتھرا گئین دن کا کاٹنا پہاڑ ہو گیا اور رات کا دامن گویا دامن قیامت سے بندھا تھا ؎ مومن

دن بھی وہ از رات بھی ہو گئی ہجر یار مین   کاہے سے فرق آ گیا گردش روزگار مین

رات بھر نیند نہ آئی صبح ہوتے ہوتے آنکھ لگ گئی تو خواب مین دیکھا کہ ایک بزرگ تشریف لائے اور فرمایا اٹھ مین اٹھا تو کیا دیکھتا ہون کہ جناب والد مغفور ہین بے اختیار قدمون پر گر پڑا فرمانے لگے تجھے اس حال مین دیکھ کے چین نہ آیا تم ہرگز پریشان نہ ہو اسباب نہ ہو خدا کارساز ہی مایوس نہ ہونا اسے یاد کرو اور سیر کتب مین اپنا جی بہلاؤ [illegible] مین میری آنکھ کھل گئی آنسو بھر آئے کہ واے مین نے کچھ اپنے لیے زیادہ نہ پوچھ لیا مگر قلب کو سکون تھا اور اس حالت شبینہ مین فرق پایا دل مین سوچا کہ حسن شاہ رونا دھونا دانائی سے بعید ہی اور اس سے ہوتا ہی کیا ہی ؎

بال و پر ٹوٹے ہوے پرواز کی طاقت نہین   تاک مین صیاد اور گلشن کی دیوارین بلند

اگر ہو سکے تو اس سودائے خام کو چھوڑ دو اور اپنی راہ لو اور اگر ضبط نہین ہو سکتا تو خدا پر بھروسہ رکھو دیکھو مشیت مین کیا ہی ہمت ہارنا نامردی ہی اگر اس رونے دھونے اور رنج وغم مین جان دیدی تو پھر کیا فائدہ پھر وصال کیسا اور ہجر کیسا تم نے انوکھے تو چھنے نہین ہو ہزارون اس وادی [illegible] ایک نہ ایک دن کامیاب ہوے گو بہت سے نامراد

بھی سنتے مگر تا مرادی اور ناکامیابی سے کچھ نہ ڈھنگے ہیں جو تم کر رہے ہو زندگی ہو تو سب کچھ ہو رہیگا۔ لالہ رام نراین سے

آزادہ شدیم بندگی را عشق است　　در راہ طلب دوندگی را عشق ست
امروز چہ مے خوری غم فردا را　　اے یار عزیز زندگی را عشق ست

انھیں خیالات میں صبح ہوگئی نماز وغیرہ سے فراغت کرکے مین نے تبریدی اور کتابون کا صندوق کھولا پہلے جو جزدان کھولا اسمین والد مرحوم کی بیاض نکل آئی چونکہ اسمین سب کچھ تھا اسی کو پلنگ پر آکے دیکھنے لگا چند ورق اُلٹے ہی تھے ایک جگہ دو تین عمل لکھے نظر آئے ایک عمل عقد الطریق کا بھی تھا میرے جی مین آیا کہ اسے پڑھنا چاہیے تاکہ اعظم جی کا جانا موقوف ہوجائے حساب جو کرتا ہون تو وہی دن عمل کے واسطے معین تھا اسکو شگون نیک سمجھ کے مین نے عمل پڑھا اور عصر کیوقت سوار ہوکے ادہر گیا مگر وہان کوئی نہ ملا پینے بخشی صاحب کے کوچ کی خبر لینے کے بہانہ سے اپنے خدمتگار کو محمد اعظم کے پاس روانہ کیا اور خود دریا کی طرف بڑھا جب اپنے خیمے کو واپس آیا خدمتگار نے بیان کیا کہ محمد اعظم کہتا تھا بخشی صاحب دو دن ہوے چلے گئے اور سبکو انعام و اکرام جو کچھ دینا تھا دے گئے اب ہم بھی عنقریب جانے والے ہین کل خیمہ یہان سے اٹھا لینگے مسٹر ایڈورڈ صاحب کے یہان نگرکشتی کی تلاش کر رہے ہین ہنوز کوئی ٹھہری نہین اگرچہ یہان بھی کئی انگریزون نے نوکری کا پیام دیا مگر ہم کو کوئی ایسا صاحب حوصلہ نظر نہین آتا کہ ہمارا بار اٹھا سکے اسلیے مصمم ارادہ ہے کہ چنار گڈھ مین ہوپر صاحب کے پاس جائین پہلے بھی اس سے وعدہ کرچکے ہین اس خبر سے مین زیادہ متوحش ہوا مگر۔ ع

در مذہب عشق ناامیدی کفر ست

امداد غیبی پر بھروسہ تھا دو تین دن اسی بیم و رجا مین گذرے چوتھے دن مین نے

؎ واہ لالہ جی آخر بھاگ نکلے اور یہ نہین سنا ؎
ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بہ عشق　　ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما
رباعی کا مضمون الفاظ کی شستگی خصوص دوندگی کا کہنا۔ مترجم۔

خدمتگار کو خبر لانے کے لیے پھر محمد اعظم کے پاس بھیجا وہ تھوڑی دیر کے بعد سراسیمہ پریشان چلا آیا۔

بیقراری نہ جگہ بھل کے بیٹھنے پائی   اُنکے کوچے میں لگا آئے ٹھکانا دل کا

میں نے پوچھا خیر تو ہے کیوں اسقدر بدحواس ہوا اُسنے کہا ہمپر ایک آفت تازہ نازل ہوگئی ہے جس سے سب حیران ہیں کل رات کو گلبدن خانہ خراب کسی انگریز کے ساتھ بھاگ گئی ہر چند تلاش کیا کہیں پتا نہیں ملتا اور اتنے بڑے کارخانہ کا دار و مدار اُسی کی کمائی پر تھا اب کہاں کا سفر اور کس کا مقام ہوش اُڑے ہوے ہیں کہ یہ بوجھ کیسے اُٹھیگا اور کیونکر بیڑا پار لگے گا گذران کی صورت کیا ہوگی میں نے کہا خدا رازق ہے لیکن کچھ فکر بھی کیگئی ہے یا یونہی بیٹھے ہو اُسنے کہا فکر کیا ہے یہ مشورہ قرار پایا ہے کہ ہم سب تو یہیں رہیں اور چنبیل جان چند ملازم لے کے کسی تیز رفتار کشتی پر سوار ہوکے پورب کو جائے کیونکہ سنا گیا ہے کہ وہ انگریز پورب کی طرف گیا ہے شاید ملجائے مگر ہم جب تک یہاں کیونکر بسر اوقات کرینگے۔ خانم جان کی نوکری اور کسب کرنے سے اعظم جی رضامند نہیں ... بی جان کی اسقدر گرم بازاری نہیں کہ معقول تنخواہ کوئی دے سکے اگر آپ کوئی عمل عنایت کریں تو بہتر ہے میں نے کہا کہ ایک دن اور رات گذر گیا اب عمل کام نہیں دیسکتا اور اگر چار پہر کے اندر خبر ہوتی تو بیشک میں ایک مجرب تعویذ دیتا تاہم اُسکو اطمینان کو دستک دیدی اور کچھ لکھ کے بھی دیدیا وہ چلا گیا جب میں نے یہ خبر سنی تو کسی قدر تسکین ہوئی اور دوسری فکر سوچنے لگا۔ ع

یہ انقلاب ہو تو بڑا انقلاب ہو

